Telephonic conversation between Prime Minister and King of Bhutan

September 17, 2020

وزیر اعظم اور بھوٹان کے بادشاہ کے مابین ٹیلیفونک گفتگو

17 ستمبر، 2020

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے بھوٹان کے بادشاہ عزت مآب جگمے کھیسر نامگیال وانگچوک کے ساتھ آج ٹیلیفون پر بات چیت کی۔

عزت مآب بادشاہ نے وزیر اعظم کی 70 ویں سالگرہ کے موقع پر مبارکباد پیش کی۔ وزیر اعظم نے نہایت شکر گذاری کے ساتھ مبارکباد کو قبول کیا، اور بھوٹان کے سابق بادشاہ، اور بھوٹان کے شاہی کنبہ کے تمام افراد کے لئے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

رہنماؤں نے اعتماد اور پیار کے انوکھے تعلقات کے بارے میں بات کی جس نے ہندوستان اور بھوٹان کو پڑوسیوں اور دوست کی حیثیت سے باندھ رکھا ہے۔ وزیر اعظم نے اس خصوصی دوستی کو آگے بڑھانے کے لئے بھوٹان کے بادشاہوں کے رہنما کردار کے لئے ان کا شکریہ ادا کیا۔

وزیر اعظم نے بھوٹان میں کووڈ -19 وبائی مرض سے مؤثر طریقے سے نپٹنے کے لئے اٹھائے گئے اقدامات کو سراہا، اور اس تناظر میں عزت مآب بادشاہ کو بھوٹان کے تئیں ہر قسم کی مدد فراہم کرنے کے لئے ہندوستان کی تیاری کا یقین دلایا۔

وزیر اعظم نے باہمی سہولیت کے اعتبار سے مناسب تاریخ میں ہندوستان میں عزت مآب بادشاہ اور ان کے اہل خانہ کا استقبال کرنے کی خواہش کا اظہار کیا۔

نئی دہلی

17 ستمبر، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.